# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ ابلاغ عامہ)

کورس: صحافت-II(5624) سمسٹر: بہار 2013ء

سطح: ایم اے

## درسی مواد برائے طلبہ

عزیز طلبہ! السلام علیکم!

امید ہے کہ آپ کا یہ تعلیمی سفر ہمارے ساتھ خوشگوار رہے گا۔

1- امتحانی مشق، مطالعے اور کتاب سے ذہنی ہم آہنگی جانچنے کے لیے حل کروائی جاتی ہے اس حوالے سے مشق میں اچھے نمبر تب ہی حاصل کیے جا سکتے ہیں جب مشق ہو بہو کتاب سے نقل نہ کی گئی ہو۔ کتاب کا اچھی طرح مطالعہ اور مفہوم کو سمجھنے کے بعد اپنے الفاظ میں تمام سوالوں کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

2- مشق حل کرتے وقت کتب خانوں میں بھی متعلقہ دیگر کتب کا مطالعہ کریں۔

3- اس کے علاوہ صحافت کے عملی پہلوؤں کا تنقیدی جائزہ لینا بھی آپ کے لیے بے حد ضروری ہے۔ اس کے لیے مشورہ ہے کہ اخبار کا مطالعہ باقاعدگی سے کیا کریں۔ اس میں موجود خبروں، کالموں، اداریوں اور دوسرے مواد کی نوعیت کو آپ اپنی درسی کتاب میں بیان کیے گئے صحافت کے اصولوں کی روشنی میں دیکھنے کی کوشش کریں۔

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو درج ذیل مواد بھیجا جا رہا ہے:

| | | |
|---|---|---|
| 1- | عمومی رہنمائے طلبہ | ایک عدد |
| 2 | درسی کتاب (یونٹ 1 تا 9) | ایک عدد |
| 3- | امتحانی مشقیں | 2, 1 |
| 4- | فارم برائے امتحانی مشق | 2 سیٹ (6 عدد) |
| 5- | اوقات نامہ برائے (الف) مشقی کام (ب) تعلیمی اجتماعات | |

نوٹ:

اگر اس بستہ میں متذکرہ بالا میں سے کوئی چیز موجود نہ ہو تو اس کی اطلاع "شعبہ مراسلاتی خدمات" علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کو دیں تاکہ اس کمی کو پورا کیا جا سکے۔ کورس سے متعلق کوئی مشکل یا شکایت ہو تو "شعبہ ابلاغ عامہ" سے رابطہ کریں۔

کورس رابطہ کار

پروفیسر ڈاکٹر سید عبدالسراج

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

**(شعبہ ابلاغ عامہ)**

| |
|---|
| **وارننگ** |
| عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ: |
| 1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔ |
| 2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔ |

کورس: صحافت-II(5624) — سمسٹر: بہار 2013ء

سطح: ایم اے — کل نمبر 100

کامیابی کے نمبر: 40

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1 تا 4)

سوال نمبر 1- انٹرویو کے بنیادی مقاصد کیا ہیں؟ اس کا اہتمام کیسے ہوتا ہے؟ نیز اس کی اقسام کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- پروپیگنڈے سے کیا مراد ہے؟ پروپیگنڈا کی اہمیت اور اس کی مختلف صورتوں پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- مدیران کے ضابطۂ اخلاق اور کارکن صحافیوں کے ضابطۂ اخلاق پر مفصل نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- اخبار کی تیاری کے مختلف مراحل واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- آزادیٔ صحافت سے کیا مراد ہے؟ اس کی ضرورت و اہمیت پر سیر حاصل بحث کریں۔ نیز بتائیں کہ خیال کے مطابق پاکستان کے موجودہ صحافتی قوانین آزادیٔ صحافت پر کس قدر اثر انداز ہو رہے ہیں۔ (20)

☆☆☆☆☆

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 5 تا 9)

سوال نمبر 1- پاکستان میں اخبارات کی اشاعت کو کن مسائل کا سامنا ہے؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- صحافت میں جدید رجحانات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نیز ان کے اثرات پر ایک جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 3- وفاقی و صدارتی طرز حکومت کا تقابلی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 4- اسلامی معاشی نظام اور مخلوط معاشی نظام میں کیا فرق ہے؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- درج ذیل پر نوٹ لکھیں۔ (20)

i) دو جماعتی اور کثیر الجماعتی نظام خوبیاں اور خامیاں (ii) معلومات کی بازیابی

[======]